| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 4 پہلا دن | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: آخرت | باب دوم: ایمانیات وعبادات (الف) ایمانیات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں طلبہ کو بتائیں کہ اس دنیا کی زندگی کے بعد بھی ایک زندگی ہے جسے آخرت کہتے ہیں۔ انھیں سمجھائیں ایک دن ایسا آئے گا جب یہ دنیا اور اس کی ہر چیز ختم ہو جائے گی پھر اللہ تعالی تمام لوگوں کو دوبارہ زندہ کرے گا اور سب کو ایک جگہ اکٹھا کیا جائے گا اس دن کو آخرت کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 14 کھولنے کی ہدایت کریں اور سبق کے پہلے پیراگراف کا متن درست تلفّظ سے پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کی دہرائی کروائیں اور ان کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں آخرت ایمان کے ارکان کا تیسرا رکن ہے۔
- تختہ تحریر پر آخرت کے معنی نمایاں کر کے لکھیں: ''مرنے کے بعد کی زندگی۔''
- طلبہ کو سادہ اور آسان الفاظ میں سمجھائیں کہ آخرت کا مطلب موت کے بعد ملنے والی دوبارہ زندگی ہے۔ انھیں بتائیں کہ ہماری یہ زندگی عارضی ہے اور ختم ہونے والی ہے۔ ایک دن آئے گا جب یہ دنیا اور اس میں موجود ہر چیز ختم ہو جائے گی پھر اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو دوبارہ زندہ کرے گا۔ اس دن ہمارے نیک اعمال ہی ہماری کامیابی کا ذریعہ ہوں گے۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: ''وہ(اللہ) قیامت کے دن تم سب کو ضرور جمع کرے گا۔'' (سورۃ النسآء، آیت: 87)

- طلبہ کو بتائیں کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے آخرت پر ایمان لانا، ہمارے ایمان کا لازمی حصّہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ایمان والوں کی جو نشانیاں بتائی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ وہ آخرت کے دن پر یقین رکھتے ہیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فانی | فَا۔نی | فنا ہونے والی |
| کائنات | کا۔اِ۔نات | ستارے اور سیارے سب مل کر کائنات بناتے ہیں۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے آخرت کا معنٰی و مفہوم پوچھیں اور جانچیں کہ انھیں پڑھائے گئے سبق کی کس حد تک سمجھ آگئی ہے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے ارکانِ ایمان اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: آخرت |
|---|---|---|

سوال1: آخرت کے کیا معنٰی ہیں؟

______________________________

سوال2: آخرت کے دن سے کیا مراد ہے؟

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:4 دوسرا دن | اُستاد کا نام______ |

| سبق کا نام: آخرت | باب دوم: ایمانیات وعبادات (الف) ایمانیات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔
- آخرت اور جزا وسزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے آخرت کا مطلب اور مفہوم پوچھیں انھیں بتائیں کہ آخرت کے دن پر یقین ہی انسان کو جزا اور سزا کے تصوّر کا یقین دلاتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- کتاب کا صفحہ نمبر 14 کھولنے کی ہدایت دیں اور طلبہ سے دوسرے پیرا گراف کا متن پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ دہرائیں اور ان کے معانی واضح کریں۔
- انھیں بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس دنیا میں اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے اور ہماری ہدایت و راہ نمائی کے لیے اپنے خاص بندوں کو بھیجا جنھوں نے ہمیں اچھے اور برے اعمال میں فرق بتایا۔
- طلبہ کو بتائیں یہ زندگی عارضی ہے ایک دن یہ دنیا اور اس کی ہر چیز ختم ہو جائے گی۔ قیامت کا دن فیصلے کا دن ہو گا اس دن ہمیں انھی اچھے اور برے اعمال کا بدلہ ملے گا۔ اس دن اللہ تعالیٰ اپنی عدالت قائم کریں گے۔ سب لوگ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے اور ان کے نامہ اعمال اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔

- طلبہ کو بتائیں اچھے اعمال کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ جنت میں داخل کرے گا اور برے اعمال کرنے والوں کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: ''بے شک نیک لوگ نعمتوں (جنت) میں ہوں گے اور گناہ گار ضرور دوزخ میں''۔

(سورۃ انفطار، آیت: 13-14)

- طلبہ سے پوچھیں جنت میں جانے کے لیے ہمیں کون کون سے کام کرنے چاہییں؟ طلبہ کو بولنے کا موقع دیں ان کے جواب توجہ سے سنیں اور تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بے شمار | بے۔ شُمار | بے حساب |
| ارشاد | اِر۔ شاد | حکم |
| بدلہ | بد۔ لا | صلہ |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (1) کے پہلے دو سوالات کے جوابات تختہ تحریر پر لکھیں۔ اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ ان کو کاپیوں پر اتاریں اور ساتھ ساتھ یاد کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

جماعت میں پڑھایا گیا کام دہرائیں ورک شیٹ حل کریں۔

**سر گرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

طلبہ اساتذہ کرام کی مدد سے اچھے کاموں کی فہرست بنائیں اور کاپی پر خوش خط لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: آخرت |
| --- | --- | --- |

سوال 1: جواب دیں۔

آپ کے نزدیک اچھے کام کون کون سے ہیں جنھیں انجام دے کر آپ اللہ تعالیٰ کو خوش کر سکتے ہیں؟

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: اسلامیات | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ: 4 تیسرا دن | اُستاد کا نام: ______ |

| سبق کا نام: آخرت | باب دوم: ایمانیات و عبادات (الف) ایمانیات |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔
- آخرت اور جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کے تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے سوالات پوچھیں:

الف: آخرت کے کیا معنیٰ ہیں؟

ب: آخرت میں نیک اعمال کا بدلہ کیسا ملے گا؟

طلبہ کو بتائیں کہ آخرت پر ایمان رکھنا ہمارے ایمان کا بنیادی جزو ہے اور آخرت پر ایمان رکھنے سے ہمیں نیک کام کرنے اور برے کاموں سے بچنے کی ترغیب ملتی ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 15 کھولنے کی ہدایت دیں۔
- سبق کے آخری پیراگراف کا متن طلبہ سے پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- آخرت کا تصوّر طلبہ کو مثال دے کر سمجھائیں کہ جو بچہ سارا سال محنت کرتا ہے اور اپنا وقت ضائع نہیں کرتا، امتحان میں وہی بچہ کامیاب ہوتا ہے اور جو بچہ کھیل کود میں اپنا وقت ضائع کر دیتا ہے اسے ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے یہی حال دنیا میں کیے گئے اعمال کا ہے۔ جس کے بدلے کے لیے اللہ تعالیٰ نے آخرت کا دن مقرّر کر رکھا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ دنیا میں کیے گئے اعمال کا نتیجہ آنا ضروری اور یقینی بات ہے اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہمیشہ وہ کام کریں جن سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور ان کاموں سے اپنے آپ کو دور رکھیں جن کو کرنے سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے تاکہ ہمیں آخرت میں کامیابی حاصل ہو۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ترغیب | تر۔غیب | کسی کام کے کرنے پر آمادہ کرنا |
| بچنا | بچ۔نا | پرہیز کرنا |
| منع | منۡعۡ | روکنا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

صفحہ نمبر 15 پر مشق جزو 2 اور 3 کو کتاب پر حل کروائیں۔ طلبہ سے سبق سے متعلق سوالات کریں اور درست جوابات دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آخرت کا دن کیسا ہوگا؟ اپنے ساتھیوں کے ساتھ گفتگو کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:__________ | مضمون: اسلامیات | سبق: آخرت |
|---|---|---|

**سوال 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

ا۔ آخرت کی زندگی ہے:

(الف) عارضی (ب) ابدی (ج) ایک دن کی

۲۔ اچھے اعمال کرنے والے داخل ہوں گے:

(الف) جہنم میں (ب) جنت میں (ج) کھائی میں

۳۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو دنیا میں بھیجا ہے:

(الف) سیر و تفریح کے لیے (ب) اپنی عبادت کے لیے (ج) کام کرنے کے لیے

**سوال 2: آخرت پر ایمان رکھنے سے ہمیں کیا ترغیب ملتی ہے؟**

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________